Civics - FA Part 1 Civics English Medium Chapter 2 Short Question Preparations

Q1. معاشرے کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: معاشرہ انگریزی زبان کے لفظ سوسائٹی کا ترجمہ ہےجو لاطینی زبان کے لفظ سوشس سے اخذکیاگیا ہے جس کے لغوی معنی ساتھی کے ہیں.گویا معاشرے سے مراد ساتھیوں کا گروہ یا مجموعہ ہے.

Q2. قومیت کی جامع تعریف کریں.

Ans 1: قومیت دراصل اپنائیت کے ایسے احساس اور جذبے کا نام ہے جو افراد کے مابین مشترکہ ،نسل،رنگ،مشترکہ مذہب،مشترکہ علاقے،مشترکہ روایات و مقاصد کی بنا پر پیدا ہوتا ہے،اس جذبے کی بنا پر لوگ اپنے آپ کو دوسروں سے الگ اور خود کو ایک رشتہ میں منسلک سمجھتے ہیں.

Q3. نظریہ تخلیق ربانی پر مختصر نوٹ لکھیں.

Ans 1: نظریہ معاہدہ عمرانی سب سے پہلے پیش ہونے والا نظریہ ہے اس کے حامیوں کا خیال ہے کہ ریاست کا خالق خود اللہ تعالیٰ ہے. خود ریاست کو اُس نے تخلیق کیا اور حکومت بھی اُس کی طرف سے حکمرانوں کو عطا ہوئی ہے. اس نظریہ کے حامی حکمران کو دنیاوی اور دینی شعبوں میں عوام کا راہبر اور مقتدر اعلٰی تسلیم کیا جاتا ہے.

Q4. قومیت کا جذبہ پیدا کرنے میں مشترکہ علاقہ کا کیا کردار ہے؟

Ans 1: ایک جگہ پر رہنے والے لوگوں میں تہذیبی اور ثقافتی یگانگت پائی جاتی ہے.مثلاً ہم جس محلے یا علاقے میں رہتے ہیں اس کے لوگوں سے ہماری محبت دوسرے علاقوں کے لوگوں سے زیادہ ہوتی ہے،جذبہ قومیت بھی مشترکہ علاقے کی بنیاد پر پروان چڑھتا ہے.

Q5. خاندان کی کونسی چھ اقسام ہیں؟

Ans 1: خاندان کی درج ذیل اقسام ہیں، 1.پدرسری خاندان 2.مادسری خاندان 3.مشترکہ خاندان 4.علیحدہ خاندان 5.یک زوجگی خاندان 6.کثیر زوجگی

Q6. اسلامی ملت کی چار خصوصیات کے نام لکھیں.

Ans 1: 1.عدل و انصاف 2.رسالت 3.مساوات 4.توحید

Q7. بچے کی معاشی کفالت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: خاندان بچے کی معاشی کفالت کا ذمہ دار ہوتا ہے.بچہ اس قابل نہیں ہوتا کہ وہ خود کما کر اپنی ضروریات کو پورا کرے،ماں باپ ہر طرح کی تکلیف برداشت کر کہ اپنے بچوں کی معاشی کفالت کرتے ہیں تا کہ وہ معاشی فکر سے آزاد ہو کر اپنی تعلیم پر توجہ دیں اور صحتمند اور کارآمد شہری بنیں.

Q8. لارڈ برائس کی معاشرے کی تعریف لکھیں.

Ans 1: "لارڈ برائس کے مطابق افراد کا وہ مجموعہ جو مشترکہ مقاصد کی خاطر زندگی بسررہا ہو وہ معاشرہ کہلاتا ہے".

Q9. خاندان کا سب سے بنیادی فریضہ کیا ہوتا ہے؟

Ans 1: نسل انسان کی بقاء خاندان کا سب سے بنیادی فریضہ ہے.جب عورت اور مرد خاندان کی تشکیل کرتے ہیں تو ان کی سب سے بری خواہش یہ ہوتی ہے کہ ان کہ نسل بڑھے.خاندان افزائش نسل کا پر وقار عمل جارہ رکھتا ہے.

Q10. کمیونٹی کی اقسام لکھیں.

Ans 1: کمیونٹی کی اقسام درج ذیل ہیں. 1.شہری کمیونٹی 2.دیہاتی کمیونٹی